متولی کے ذریعہ قرآن پاک کے بوسیدہ پاروں کو جلانے کا ویڈیو وائرل، سیکڑوں لوگ سڑک پر نکل آئے

بریلی (ایس این بی) امام باڑہ کے متولی کے ذریعہ قرآن پاک کے بوسیدہ پاروں کو جلائے جانے کا ویڈیو وائرل ہونے کے بعد سیکڑوں لوگ باقر گنج علاقہ میں سڑک پر نکل آئے۔ اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لوگوں کو سمجھا بجھا کر خاموش کیا۔ تھانہ قلعہ پولیس نے فوری طور پر ملزم متولی کو حراست میں لے لیا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ تھانہ قلعہ علاقہ میں باقر گنج عیدگاہ کے قریب امام باڑہ کے متولی خلیل کا قرآن حکیم جلاتا ہوا جب ویڈیو وائرل ہوا تو علاقہ کے سیکڑوں لوگ جن میں بچے اور خواتین بھی شامل تھیں۔ گھروں سے باہر نکل کر متولی کی گرفتاری کا مطالبہ کرنے لگے۔ معلوم ہوا ہے کہ شہر کے کچھ لوگ قرآن حکیم کے بوسیدہ پاروں کو عیدگاہ کے قریب ایک گڈھے میں اس لیے رکھ دتے ہیں کہ قرآن پارک کے پاروں کی بے حرمتی نہ ہو۔ لوگوں کا کہنا ہے کہ ان پاروں کو دفن کرنے کے بجائے متولی نے جلادیا۔ لوگوں سے گفتگو کرنے پر پتہ چلا کہ یہ لوگ ویسے بھی متولی س ناراض ہیں۔ ان لوگوں کا کہنا ہے کہ متولی امام باڑہ کے سامان اور رقم کو اپنے لیے استعمال کرتے ہیں۔ سنی سینٹرل وقف بورڈ لکھنؤ مذکورہ متولی کو فوراً برخاست کرے۔

کسان کی لاش مشتبہ حالت میں کھیت سے برآمد

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) کوتوالی دھورہرا حلقہ کے موضع گدریا میں گنے کے کھیت کی رکھوالی کرنے گئے کسان کی لاش مشتبہ حالات میں اسی کے کھیت سے برآمد ہوئی ہے۔ پولیس تمام زاویوں سے معالے کی جانچ کر رہی ہے۔ لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا گیا ہے۔ ذرائع سے موصولہ تفصیلات کے مطابق کوتوالی دھورہرا کے تحت موضع گدریا میں رہنے والا کاشتکار رام گوپال یادو (40) گذشتہ شب اپنے کھیت کی رکھوالی کرنے گیا تھا۔ صبح دیر تک جب وہ گھر واپس نہیں پہنچا تو گھر کے لوگ اس کو تلاش کرتے ہوئے کھیت پر پہنچ گئے۔ رام گوپال یادو کی لاش اسی کے گنے کے کھیت میں پڑی ہوئی تھی۔ یہ منظر دیکھ کر گھر والوں کے پیروں تلے زمین نکل گئی۔ متوفی کے چچا اشرفی لعل یادو نے کوتوالی دھورہرا پولیس کو اطلاع دی۔ اطلاع ملتے ہی موقع پر پہنچی پولیس نے لاش کو قبضہ میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا۔ دھورہرا کے کوتوال دنیش کمار سنگھ نے بتایا کہ متوفی کے جسم پر بظاہر چوٹ کے نشانات نہیں ہیں۔ ایک ہاتھ نیلا پڑ گیا ہے۔ لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا گیا ہے۔ پوسٹ مارٹم رپورٹ آنے کے بعد موت کی اصل وجہ دریافت ہوسکے گی۔ پولیس تمام زاویوں سے معالے کی جانچ کر رہی ہے۔ ادھر علاقے میں کسان کی لاش مشتبہ حالات میں ملنے کے بعد طرح طرح کی باتیں کی جارہی ہیں۔

شادی کرنے میں ناکام دوشیزہ کا نوجوان پر آبروریزی کا الزام

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) جبراً شادی کرنے میں ناکام رہنے پر دوشیزہ نے ایک نوجوان پر آبروریزی کا الزام عائد کرتے ہوئے ایس پی کے دفتر میں تحریری شکایت کی ہے۔ معاملے کی جانچ کر رہی پلیا پولیس نے کہا ہے کہ دوشیزہ جبراً شادی کرنا چاہتی ہے حالانکہ وہ ابھی نابالغ ہے۔ فی الحال دوشیزہ کو اس کے گھر والوں کے سپرد کر دیا گیا ہے۔ معلوم ہو کہ ایک روز قبل جمعہ کو لکھیم پور ایس پی آفس جاکر پلیا کے ایک محلے میں رہنے والی دوشیزہ نے پلیا کے ہی ایک نوجوان اور اس کی بہن پر اپنے گھر لے جانے اور بہانے سے بہن کو ناشتہ لینے کے لیے بھیجنے کے بعد نوجوان پر آبروریزی کا الزام عائد کیا تھا۔ معاملہ پلیا کوتوالی پہنچا۔ پولیس حرکت میں آئی اور جانچ شروع کردی۔ پولیس کی تفتیش میں معاملہ کچھ اور ہی نکلا۔ مذکورہ الزام عائد کرنے والی دوشیزہ جس نوجوان پر الزام عائد کررہی ہے اس سے ہی وہ جبراً شادی کرنا چاہتی ہے۔ 19 جون کو وہ مذکورہ نوجوان کے گھر پر بھی پہنچ گئی تھی۔ اس کے بعد نوجوان کے گھر والوں نے پولیس بلا لیا تھا۔ معاملے میں دوشیزہ کے نابالغ ہونے کی بات سامنے آنے کے بعد پولیس نے آپسی رضامندی سے مذکورہ دوشیزہ کو اس کے گھر والوں کے سپرد کر دیا تھا۔ اس کے بعد دوشیزہ نے ایس پی آفس پہنچ کر پھر سے نوجوان کے خلاف شکایت کی۔ معاملے میں پلیا کے کوتوال وویک اپادھیائے نے بتایا کہ مذکورہ دوشیزہ جولائی ماہ میں بالغ ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ریپ کے معاملے میں کسی کو بے قصور جیل نہیں بھیجا جاسکتا ہے۔ معاملے کی تفتیش کرنے کے بعد ہی کوئی کاروائی کی جائے گی۔

پلاٹ پر قبضے کا معاملہ، دن دہاڑے فائرنگ

تساہلی برتنے پر انسپکٹر عزت نگر سمیت 6 پولیس اہلکار معطل

بریلی (ایس این بی) پلاٹ پر قبضہ کرنے کے سلسلہ میں کی گئی فائرنگ کے معاملہ میں ایس ایس پی گھلے سوشیل چندوبھان نے انسپکٹر عزت نگر سمیت 6 پولیس ملازمین کو فوری طور سے معطل کردیا ہے۔ واضح رہے کہ ایس ایس پی ویسے تو پہلے سے ہی انسپکٹر پریم نگر جے شنکر سنگھ کی کارکردگی سے غیر مطمئن تھے۔ ان کا تھانہ سے ہٹنا طے مانا جارہا تھا مگر آج صبح کے واقعہ کی بنا پر ایس ایس پی نے فوری طور پر ایکشن لے کر پولیس ملازمین کو میسیج دے دیا کہ پولیس کی بدعنوانی کو کسی بھی قیمت پر برداشت نہیں کیا جائے گا۔ معلوم ہوا ہے کہ پیلی بھیت روڈ پر واقع ایک قیمتی پلاٹ پر قبضہ کرنے کا منصوبہ رات میں ہی تیار کرلیا گیا تھا۔ اس کام کے لیے کرایے کے غنڈوں کو بھی بلایا گیا تھا صبح 5 بجے کے قریب سڑک روک کر جب 100 راؤنڈ گولی چلائی گئی تو علاقہ میں دہشت پھیل گئی۔ ملزمان نے دو جے سی بی مشینوں کو بھی نذر آتش کردیا گیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس کے کچھ اہلکار موقع پر پہنچے ضرور تھے مگر وہ ملزمان کو پکڑنے کی ہمت نہیں کر پائے۔ ایس ایس پی نے جب معاملہ کی تحقیقات کرائی تو پولیس کی ملی بھگت سامنے آئی۔ اسی بنا پر ایس ایس پی نے انسپکٹر عزت نگر جے شنکر سنگھ، حلقہ داروغہ انچارج راجیو پرکاش کے علاوہ کانسٹبل سنی کمار، ونود، راج کمار اور اجے کمار کو معطل کرکے ان کے خلاف ڈپارٹمنٹل انکوائری کا حکم دیا ہے۔ ایس ایس پی نے کہا کہ قبضہ اور فائرنگ کرنے والوں کے خلاف این ایس اے اور گنگیسٹر ایکٹ کے تحت کارروائی کی جائے گی۔

ٹرک کی ٹکر سے کار سوار باپ-بیٹے سمیت 3 کی موت

چار سنگین طور سے زخمی، ایک ہی کنبے کے ہیں سبھی لوگ

بہرائچ (ایس این بی) بہرائچ روپئی ڈیہہ ہائی وے کے نانپارہ علاقہ کے امریا میں نصف شب کے دوران تیز رفتار بے قابو ٹرک نے کار میں ٹکر ماردی جس کے چلتے کار کے پرخچے اڑ گئے۔ کار سوار باپ بیٹے سمیت تین کی موقع پر ہی موت ہوگئی جبکہ چار زخمی ہوگئے۔ ٹرک کھڈ میں چلا گیا۔ حادثہ کی جانکاری پر فوراً پولیس فورس کے ساتھ پہنچے کوتوال راکیش کمار سنگھ نے زخمیوں کو آناً فاناً میں میڈیکل کالج بھجوایا۔ اطلاع کے مطابق نانپارہ کوتوالی کے بہرائچ روپئی ڈیہہ ہائی وے کے خداداد بھاری کے مزرعہ امریا کے پاس آج علی الصبح تقریباً 3:15 بجے نانپارہ سے بہرائچ کی جانب جارہے لوڈ تیز رفتار بے قابو ٹرک نے مخالف سمت سے آرہی کار میں ٹکر ماردی۔ ٹکر اتنی شدید تھی کہ کار کے پرخچے اڑ گئے۔ بے قابو ٹرک کھڈ میں جا گھسا۔ حادثہ میں روپئی ڈیہہ تھانے کے بابا گنج علاقہ کے شجو لی بابا کٹی کے رہنے والے 70 سالہ عارف ولد فقیرے اس کا چھوٹا بھائی 60 سالہ گوال عرف محمد حامد، 25 سالہ بیٹے نوشاد کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ جبکہ اسی کنبہ کے 45 سالہ حاشم ولد فقیرے، 10 سالہ عرش ولد نوشاد، 5 سالہ عرس بانو بنت نوشاد، 12 سالہ ارشد ولد محمد خادم سنگین طور سے زخمی ہوگئے۔ اطلاع ملتے ہی فوراً کوتوال راکیش کمار سنگھ بھاری پولیس فورس کے ساتھ موقع پر پہنچے۔ آناً فاناً میں زخمیوں کو ایمبولینس سے میڈیکل کالج پہنچایا۔ کرین سے نقصان ہوئی کار کو ہائی وے سے ہٹوایا گیا۔ لاشوں کو قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا گیا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ واقعہ کے شکار بابا گنج کے رہنے والے ایک ہی کنبہ کے یہ سارے لوگ بلرامپور منگنی کی رسم کرنے گئے تھے اور دیر شب وہ سبھی اپنی گاڑی سے لوٹ رہے تھے۔ زخمیوں کو ایک بچے سمیت دیگر کی حالت انتہائی نازک دیکھتے ہوئے ڈاکٹروں نے لکھنؤ ریفر کردیا ہے۔ ٹرک اور کار کی ٹکر ہوتے ہی ٹرک ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا۔

مختصر خبریں

ناقص بجلی نظام کے خلاف ایس ڈی ایم کو میمورنڈم

اترولہ، بلرامپور (ایس این بی) ہفتہ کو اترولہ وشری دت گنج بلاک کے گاؤں پردھانوں نے ناقص بجلی نظام کے خلاف ایس ڈی ایم اترولہ اودھیش کو میمورنڈم سونپا۔ گاؤں پردھانوں کا الزام ہے کہ چمروپور فیڈر کے تحت علاقہ میں بجلی نظام برباد ہے۔ اس شدید گرمی میں بار بار بجلی کٹوتی ہورہی ہے جب عوامی نمائندے و دیگر لوگوں کے خلاف بجلی سپلائی مرکز افسر اترولہ کو فون لگایا جاتا ہے تو وہ فون ریسیو نہیں کرتے ہیں۔ جس سے گاؤں پردھانوں کی شبیہ خراب ہوتی ہے اور مسائل کا حل بھی نہیں ہو پارہا ہے۔ لوگوں کے ذریعہ فون کرنے پر بجلی محکمہ کے افسران کو فون ریسیو کرنے، علاقہ میں بجلی نظام درست کرائے جانے، لائن مین راجا این کو جلد از جلد کسی دوسرے لائن مین کو تعینات کرائے جانے، علاقہ میں ٹھیکیدار کے ذریعہ کیے گئے آدھے ادھورے بجلی کام کو جلد مکمل کرائے جانے، رات کے وقت لوکل فالٹ کے نام پر بجلی کٹوتی بند کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ پردھان سلمان ربانی خاں، خالد خاں، عامر، نہال الدین، پھول چند، شیوشنکر سونی، غلام مخدوم، عامر زدران، امیش کمار ورما، رام پرتاپ ورما سمیت دیگر گاؤں پردھان موجود رہے۔

ڈی ایم کے حکم پر لیکھ پال معطل

امبیڈکر نگر (ایس این بی) حکومت کی مرضی کے مطابق ضلع مجسٹریٹ اویناش سنگھ کے حکم پر ایڈیشنل ضلع مجسٹریٹ جلال پور کے ذریعہ شکایت کنندہ ریکھا زوجہ آنجہانی چندر جیت کی شکایت پر علاقائی افسر مرلی دھر راج بھر کے ذریعہ وراثت جیسے کام میں لاپروائی برتنے اور وقت پر وراثت نہ کرنے کی وجہ سے جواب دہی مانتے ہوئے انہیں فوری اثر سے معطل کردیا۔ عوام کے مسائل کو وقت سے تصفیہ کرنے میں کوئی لاپروائی کی جائے گی تو دیگر کے خلاف بھی سخت کارروائی کرنے کے ضلع مجسٹریٹ نے حکم دیے ہیں۔ بتانا ہے کہ قبل میں بھی ضلع مجسٹریٹ کے ذریعہ میٹنگ کے دوران حکم دیے گئے ہیں کہ صبح 10 بجے سے 12 بجے تک سبھی افسر دفتر میں بیٹھ کر عوام کے مسائل سنیں اور اس کا تصفیہ کریں نہیں تو سخت کارروائی کی جائے گی۔

ضلع کے تمام تھانوں میں یوم تصفیہ کا اہتمام

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) آج ہفتہ کے دن ضلع کے تمام پولیس تھانوں میں یوم تصفیہ منعقد ہوا۔ اس دوران موصول ہونے والی شکایتوں میں سے بعض شکایتوں کا موقع پر ہی تصفیہ کردیا گیا جبکہ بیشتر شکایتوں کی منصفانہ جانچ کے بعد تصفیہ کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ تھانوں پر ہونے والے یوم تصفیہ کے موقع پر ایس پی گنیش پرساد ساہا اور چیف ترقیاتی افسر انل کمار سنگھ نے کوتوالی لکھیم پور میں ہونے والے یوم تصفیہ میں موجود رہ کر فریادیوں کی شکایتیں سنیں۔ اس دوران موصول ہونے والی عوامی شکایات کی سماعت کرکے فوری طور پر منصفانہ طریقے سے تصفیہ کرنے کی ایس پی وسی ڈی او نے ماتحتوں کو ہدایت دی۔ ایس پی نے کہا کہ عوامی شکایات کا تصفیہ کرنے میں پوری شفافیت اور غیر جانبداری سے کام لیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی شکایات کا تصفیہ کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ اس میں لاپروائی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ ادھر تمام سرکل افسران کے ذریعے سرکل کے تھانوں میں موجود رہ کر عوامی شکایات کو سماعت کرتے ہوئے ان کا تصفیہ کیا گیا۔

غیر طرحی شعری نشست آج

شاھجھاں پور (ایس این بی) شعروسخن کو فروغ دینے کے مقصد سے ایک غیر طرحی شعری نشست 23 جون کو صبح ساڑھے نو بجے معروف شاعر اختر شاہجہاں پوری کی رنگین چوپال واقع رہائش گاہ پر ہوگی۔ یہ اطلاع کنوینز/شاعر حمید خضر نے دی ہے۔

کسی شاعر کا ایک شعر اگر حافظہ میں محفوظ ہوجائے تو سمجھ لو شاعری کامیاب ہوگئی

مظہر سعید کے شعری مجموعہ ’آنسوؤں کی زباں‘ کی اجراء تقریب سے عبیداللہ چودھری کا خطاب

بھرائچ(ایس این بی) کسی شاعر کا کوئی ایک شعر اگر حافظہ میں محفوظ ہوجائے تو سمجھ لو کہ اس کی شاعری کامیاب ہے۔ شاعر کو شعر کی تخلیق کرنے میں قوت فکر، تخیل، پرواز، وسیع مطالعہ، تفحص الفاظ اور الفاظ کے انتخاب کی ضرورت پڑتی ہے۔ اگر کسی شاعر کے دامن میں یہ ساری چیزیں موجود نہیں ہیں تو وہ ایک شعر کی بھی تخلیق نہیں کرسکتا۔ میں جہاں تک دیکھتا ہوں تو مجھے مظہر سعید کی شاعری سے محسوس ہوتا ہے کہ ان میں یہ ساری خوبیاں مکمل طور پر موجود ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی شاعری اعلیٰ درجے کی شاعری کہلانے کی مستحق ہے۔ مذکورہ خیالات کا اظہار آج ناظر پورہ میں واقع قادر مانٹیسری اسکول میں منعقد مظہر سعید کے شعری مجموعہ ’آنسوؤں کی زباں‘ کے رسمِ اجرا کی تقریب کو خطاب کرتے ہوئے گورکھپور سے آئے بطور مہمان خصوصی معروف افسانہ نگار ڈاکٹر عبیداللہ چودھری نے کیا۔ واضح ہو کہ مظہر سعید کا یہ مجموعہ کلام آنسوؤں کی زباں ان کی چھٹی تصنیف ہے۔ اس سے قبل ان کے پانچ مجموعہ کلام منظر عام پر آچکے ہیں۔ بزرگ شاعر اثر بہرائچی نے تقریب رسمِ اجرا کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ میں ان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ اللہ ان کی ہمت وحوصلہ کو سلامت رکھے تاکہ وہ آئندہ بھی اردو شعروادب کی آبیاری کرتے رہیں۔ اس طرح ان کے مجموعہ کلام شائع ہوکر منظر عام پر آتے رہیں اور دنیائے اردو ادب ان سے فیضیاب ہوتی رہے۔ اس کے علاوہ بزرگ شاعر اطہر رحمانی، خالد نعیم، شفیق احمد باغبان نے بھی شعری مجموعے آنسوؤں کی زباں اور اس کے مصنف مظہر سعید کا بارے میں اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ مظہر سعید کو ان کی تصنیف کے رسمِ اجرا کے لیے مبارک باد پیش کی۔ مولانا ڈاکٹر سفیان احمد قاسمی کی نظامت میں منعقد اس تقریب کا آغاز قاری عبدالمتین قاسمی کی تلاوتِ قرآن کریم اور ثاقب بہرائچی کی نعتِ پاک سے ہوا۔ اس کے بعد شہر کے مشہور مترنم شاعر منظور بہرائچی نے مظہر سعید کی تصنیف کردہ کتاب آنسوؤں کی زباں اور ان کی شخصیت کے حوالے سے نظم پیش کی جسے سامعین سے کافی پسند کیا۔ رسمِ اجرا کے بعد شعری نشست بھی منعقد ہوئی جس کی صدارت اثر بہرائچی اور نظامت مولانا ڈاکٹر سفیان احمد قاسمی نے کی۔ شعری نشست میں صدر محفل اثر بہرائچی کے علاوہ اطہر رحمانی، مظہر سعید، محمد جمال اظہر صدیقی، اکمل نذیر، رئیس صدیقی، ظفر عزیز، منشی جمال، رستم علی شیدا، شاہ نواز بہرائچی، منظور بہرائچی اور ثاقب بہرائچی نے اپنے کلام سے سامعین کو محظوظ کیا۔ تقریب میں مولانا ارشادالحق ندوی، مولانا وصی اللہ قاسمی، حافظ محی الدین، شاداب حسین، شفیع اللہ قادری، جنید احمد نور، نیر بھائی، محمود بھائی، سعید بھائی وغیرہ کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ اخیر میں قادر مانٹیسری اسکول کے منیجر وعبدالقادر انٹر کالج کے پرنسپل محمد قاسم عرف ببلو نے ان کے اسکول میں آئے ہوئے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

روڈ ویز بس کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار کی موت

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) تھانہ پھردھان علاقے میں لکھیم پور گولا شاہراہ پر موضع آدھار پور کے قریب روڈ ویز بس اور موٹر سائیکل کی ٹکر میں موٹر سائیکل سوار کی موت ہوگئی۔ آدھار پور میں رہنے والے 60 سال کے کیلاش اپنی موٹر سائیکل سے کہیں جارہے تھے۔ اچانک موضع آدھار پور ہنومان مندر کے سامنے موٹر سائیکل اور گولا ڈپو کی جن رتھ بس یوپی 32 ایم این 9853 روڈ ویز بس کی آمنے سامنے ٹکر ہوگئی اور موٹر سائیکل بس میں نیچے جاکر پھنس گئی۔ بس ڈرائیور موٹر سائیکل کو ایک کلومیٹر تک گھسیٹتا رہا۔ اس کے بعد بس چھوڑ کر فرار ہوگیا۔ حادثے میں کیلاش کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ بس میں بیٹھی سواریوں کے مطابق غلطی موٹر سائیکل سوار کی تھی۔ بس ڈرائیور نے بچانے کی کوشش کی لیکن کامیاب نہیں ہوا۔ حادثہ کی اطلاع ملتے ہی موقع پر پہنچی پھردھان پولیس نے بس کو قبضے میں لے کر لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا۔ پھردھان کے تھانہ انچارج کوشل کشور نے بتایا کہ لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا گیا ہے۔ گھر اور گاؤں والوں نے تھوڑی دیر کے لیے سڑک جام کردیا تھا لیکن اب حالات معمول پر ہیں۔ گھر والوں کو سمجھا بجھا کر وہاں سے ہٹا دیا گیا ہے۔ بس ڈرائیور کے خلاف قانونی کاروائی کی جائے گی۔

حافظ میاں کے تین روزہ سالانہ عرس کا آغاز

خانقاہ میں ہوئی قرآن خوانی و فاتحہ خوانی

شاھجھاں پور (ایس این بی) حضرت حافظ احمد حسین خان المعروف حافظ میاںؒ کا تین روزہ 116 واں سالانہ عرس محلّہ ہاتھی تھان میں شروع ہوگیا۔ ہفتہ کو صبح 7 بجے خانقاہ حافظیہ ہاتھی تھان میں قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی ہوئی۔ شام کو سجادہ نشین حاجی وقار احمد خاں کی جانب سے مزار پر چادر پوشی کی گئی۔ دیر رات کو محفل سماع میں قوال تسلیم نیازی نے قوالیاں پیش کیں۔ سجادہ نشین حاجی وقار احمد میاں کی سرپرستی میں سالانہ عرس کے پہلے روز خانقاہ میں قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی ہوئی۔ شام کو سجادہ نشین وقار احمد خاں اور نائب سجادہ سراج الدین احمد خاں نے مزار پر گل پوشی و چادر پوشی کی اور قوم وملت کی خوشحالی اور ترقی کے لیے دعا کی۔ دیر رات کو محفل سماع میں میر چوکی قوال راجو مرلی، تسلیم نیازی نے صوفیانہ کلام پڑھ کر محفل کو مسحور کردیا۔ نائب سجادہ سراج الدین احمد خاں نے بتایا کہ 23 جون بروز اتوار محفل میلاد اور زیارت قدم شریف دوپہر 2.30 بجے، محفل سماع رات 10 بجے منعقد کی جائے گی۔ 24 جون کو صبح 7 بجے قرآن خوانی اور صبح 10 بجے قل شریف ہوگا۔ رات میں 10 بجے قوالیاں ہوں گی۔ عرس کے انتظامات میں نائب سجادہ سراج الدین احمد خاں، محمد شاہد، بچن خان، اسلم خان، اعظم خان، مکرم خان وغیرہ مصروف ہیں۔

سمرا اسلامک کیمپ کی اختتامی تقریب آج

شاھجھاں پور (ایس این بی) 15 روزہ سمرا اسلامک کیمپ کی اختتامی تقریب 23 جون کو صبح نو بجے ہندوستان میرج ہال (درگا ٹاکیز) میں منعقد ہوگی۔ جس میں سمرا اسلامک کیمپ میں شامل ہوکر نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے شرکاء و طلباء کو سرٹیفکیٹ اور انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔ یہ اطلاع پروگرام کے کنوینز محمد شادان نے دی ہے۔

سبکدوش ڈی جی سی پر دن دہاڑے فائرنگ، بال بال بچے

ایس پی ودیگر افسران نے کیا موقع معائنہ

بھرائچ (ایس این بی) شہر کے محلّہ صوفی پورا میں ہفتہ کی دوپہر ایک سبکدوش ڈی جی سی گھر کے باہر بیٹھے تھے تبھی موٹر سائیکل سے آئے نامعلوم لوگوں نے موٹر سائیکل کھڑی کر فائرنگ کردی۔ حملہ میں وہ بال بال بچ گئے۔ واقعہ کی اطلاع ہونے پر ایس پی، اے ایس پی سمیت دیگر افسران نے معائنہ کیا۔ کوتوالی دیہات کے محلّہ مادھو پوری صوفی پورا کے رہنے والے شیونرائن سنگھ ولد زمیدار سنگھ سبکدوش ڈی جی سی ہیں۔ ان کا بیٹا سنجے سنگھ صدر تحصیل میں مال بابو کے عہدہ پر تعینات ہے۔ ہفتہ کو سبکدوش ڈی جی سی گھر کے سامنے برآمدے میں بیٹھے تھے۔ دوپہر ڈیڑھ بجے ایک نامعلوم موٹر سائیکل سوار آیا۔ اس نے موٹر سائیکل کھڑی کر شیونرائن پر فائرنگ کردی۔ حالانکہ وہ بال بال بچ گئے۔ مکان کیمپس میں ہی کپڑا پریس کر رہے سراج نے فائرنگ کی آواز سن کر سبکدوش ڈی جی سی کو گھر کے اندر کیا۔ اس کے بعد موٹر سائیکل سوار فرار ہوگیا۔ واقعہ کی اطلاع ہونے پر ایس پی ورندا شکلا، اے ایس پی رام نند مشرا اور فورنسک ٹیم موقع پر پہنچی۔ ایس پی نے آس پاس کے لوگوں سے پوچھ گچھ کی۔ کوتوالی دیہات پولیس کو جلد واقعہ کے انکشاف کا حکم دیا۔ پولیس نے مقدمہ درج کر جانچ شروع کردی ہے۔

میونسپل کمشنر کا صفائی نظام کا معائنہ

شاھجھاں پور (ایس این بی) میونسپل کمشنر ڈاکٹر وپن کمار مشرا نے آج مادھونگر سمیت برج وہار کالونی کا معائنہ کیا اور موقع پر ہی متعلقہ افسران و ملازمین کو کل سے یہاں ایک ٹیم تعینات کر نالے کی صفائی کی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ جب تک نالا پوری طرح سے صاف نہ ہوتب تک یہاں سے صفائی اہلکاروں کو نہ ہٹایا جائے۔ میونسپل کمشنر نے وارڈ میں صفائی ستھرائی کا بھی معائنہ کیا۔ جس میں انہوں نے وارڈ کے صفائی کے نظام کو سراہا۔ مقامی باشندوں نے کہا کہ محکمہ واٹر ورکس کی جانب سے جو بھی کنکشن کئے جاتے ہیں اس کے بعد سڑکوں کی مرمت نہیں کی جاتی ہے جس سے سڑک نیچے بیٹھ جاتی ہے۔ انہوں نے فوری طور پر محکمہ واٹر ورکس کے جنرل منیجر کو ہدایت کی کہ جہاں بھی کنکشن ہے اس کی مرمت کرائی جائے اور محکمہ تعمیرات کے افسران کو بھی ہدایت کی کہ وارڈ میں جہاں بھی چھوٹے کام ہیں۔ انہیں فوری طور پر مکمل کیا جائے۔

حملہ آوروں کو گرفتار کر کے جیل نہ بھیجنے سے ناراض لیکھ پالوں نے کیا یومِ تھانہ کا بائیکاٹ

شاھجھاں پور (ایس این بی) مرزا پور میں لیکھ پال ایسوسی ایشن کے صدر اور ان کے ساتھی لیکھ پال پر حملہ کرنے والوں کو گرفتار کر جیل نہ بھیجنے پر لیکھپالوں نے یومِ تھانہ کا بائیکاٹ کر دیا۔ 14 جون کو مرزا پور علاقے کے کمار پور گاؤں کے رہنے والے مول چند کی شکایت پر حلقہ لیکھ پال اور لیکھ پال ایسوسی ایشن کے صدر اگراسین سنگھ اور راکیش کانت کھیت کی پیائش کرنے گئے تھے، جب کمار پور کے رہنے والے کلدیپ کمار کے ساتھ ان کے کنبے کے افراد نے ان پر حملہ کر کے سرکاری دستاویزات بھی پھاڑ ڈالے۔ پولس نے رپورٹ درج کر کے لیکھ پال کا طبی معائنہ کرایا تھا، لیکن ملزمین کو گرفتار نہ کرنے کی وجہ سے آج تمام لیکھپال پولیس اسٹیشن یومِ تھانہ میں جمع ہوئے، لیکن لیکھ پال ایسوسی ایشن کے صدر اور ان کے ساتھی کے ساتھ مار پیٹ کرنے والوں کو گرفتار کر کے جیل نہ بھیجنے پر یومِ تھانہ کا بائیکاٹ کر دیا۔ انسپکٹر انچارج ونود کمار نے تمام لیکھ پالوں کو سمجھاتے ہوئے کہا کہ کلیدی ملزم کلدیپ کمار کو رات گرفتار کیا گیا ہے اور وہ لاک اپ میں بیٹھا ہے۔ بعد میں پہنچے تحصیلدار محمد اظہر انصاری نے تمام لیکھ پالوں کو سمجھایا تو لیکھ پال رضا مند ہو گئے لیکن تھانہ سمادھان دیوس سے تحصیل کلاں چلے گئے اور صرف پانچ لیکھ پالوں نے تھانہ سمادھان دیوس کا کام دیکھا۔ انسپکٹر انچارج ونود کمار نے بتایا کہ لیکھ پال پر حملہ کرنے والے کلیدی ملزم کلدیپ کو گرفتار کرلیا گیا ہے اور اسے ہفتہ کو 14 / دن کی عدالتی تحویل میں بھیج دیا گیا ہے۔ اس دوران منیندر ورما، سریندر مشرا، ویشالی، ریونیو انسپکٹر پرشورام شکلا، رام کمار، راگھویندر سنگھ، سشیل کمار یوگیش تیواری، مدن لال سنجیو سنگھ وغیرہ موجود تھے۔

المشکل کشا سوسائٹی کی ادبی شعراء کے لیے پہل

شاھجھاں پور (ایس این بی) آج المشکل کشا نیشنل سوسائٹی کے قومی صدر مولانا محمد بہار عالم رضوی نے بتایا کہ المشکل کشا سوسائٹی اترپردیش میں ایک لاکھ سے زیادہ لوگوں کے لیے بیداری ایمان مہم شروع کرے گی۔ سوسائٹی کے نوئیڈا واقع دفتر میں دہلی برانچ کے عہدیداروں کے ساتھ اہم مسائل پر ہوئی میٹنگ میں لئے گئے فیصلے کے بارے میں جانکاری دی۔ انہوں نے بتایا کہ میٹنگ میں سماجی مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا اور اردو فارسی ادب اور ادبی شعراء کی ترویج واشاعت کے لیے بہترین پلیٹ فارم مہیا کرانے پر غور وخوض کیا گیا۔ مولانا محمد بہار عالم رضوی نے بتایا کہ ہماری سوسائٹی ہر روز دیہی علاقوں اور قصبوں میں بیداری ایمان مہم کے جلسے منعقد کر کے معاشرے اور برادری کو بیدار کر کے انہیں راہ حق و تعلیم کی راہ پر گامزن کر رہی ہے اور ثقافت اور زبان کے فروغ کے لیے ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے اب ریاستی سطح پر اس طرح کی تقریب منعقد کیا جائے گا۔ جس میں لاکھوں لوگ شریک ہوں گے۔

میونسپل کارپوریشن کے ہاؤس ٹیکس کی شدید مخالفت شروع

بریلی (ایس این بی) جی آئی ایس سروے کے بعد میونسپل کارپوریشن نے جو ہاؤس ٹیکس لگایا ہے اس کی شدید مخالفت شرع ہوگئی ہے۔ حکمراں جماعت سے تعلق رکھنے والے عوامی نمائندوں کے علاوہ سماج کا ہر طبقہ نئے ٹیکس کی مخالفت کررہا ہے کچھ سیاسی شعور رکھنے والے لوگوں کا تو یہ بھی کہنا ہے کہ نئے ٹیکس کی شرحوں کا اعلان پارلیمانی الیکشن کے نتائج آنے کے بعد کیا گیا ہے یہ اعلان اگر پولنگ سے قبل ہوجاتا تو الیکشن کے نتائج کچھ اور ہی ہوتے۔ سماج وادی پارٹی سے تعلق رکھنے والے سینئر کارپوریٹر راجیش اگروال نے آج بیوپار منچ کے لیڈران کے ساتھ سیٹھ رامودو پارک میں دھرنا دیا اور نئے ٹیکس کو کالا قانون قرار دیا۔ دھرنے کے بعد مظاہرین جلوس کی شکل میں کلکٹریٹ پہنچے جہاں انھوں نے ٹیکس کی مخالفت میں ضلع مجسٹریٹ کی غیر موجودگی میں سٹی مجسٹریٹ کو میمورنڈم پیش کیا۔ دھرنا اور مظاہرہ کے دوران کارپوریٹر راجیش اگروال نے کہا کہ جی آئی ایس سروے کسی بھی قیمت پر قبول نہیں کیا جائے گا۔ ہائی کورٹ نے بھی اس سروے کو غلط بتایا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بریلی کے علاوہ دیگر کارپوریشنوں کے فی الحال سروے کو روک دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ عوام کو ملنے والی 15 فیصد سے لے کر 40 فیصد تک کی رعایت کو کارپوریشن نے بند کردیا ہے وہ دوبارہ چالو ہوگی۔ مظاہرہ میں تاجر لیڈر راج نرائن، سنجے آنند، سید گوہر علی، سنجیو مہروترا، ظفر شمس، دنیش یادو اور راجیو اگروال وغیرہ موجود رہے۔